Member AKNS
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
www.dailydhartiajk.com
dailydharti@gmail.com
روزنامہ
کشمیر دھرتی
راولاکوٹ
چیف ایڈیٹر: عابد صدیق
ایڈیٹر: اعجاز قمر
جلد 02 | جمعرات 18 اگست 2022ء 19 محرم الحرام 1444ھ 03 بھادوں 2079ب | سفحات 04 / قیمت 15 روپے | شمارہ نمبر 192

بلدیاتی الیکشن آئینی ترمیم کیلئے رپورٹ آج پیش ہونیکا امکان، سیاسی جماعتیں امیدواران اضطراب کا شکار

22 اگست کاغذات نامزدگی جمع کروانے کی آخری تاریخ، قانون ساز اسمبلی میں کثرت رائے الیکشن ملتوی کرنے کی قرارداد کے بعد امیدواران کی اکثریت ابھی تک اس ابہام کا شکار ہے کہ الیکشن ہوں گے یا نہیں

نامزدگی فارمز کے حصول کیلئے امیدواران کی عدم دلچسپی، سیاسی جماعتوں کے پاس ٹکٹ کیلئے بھرے درخواستیں، اسمبلی کا اجلاس آج تین بجے دوبارہ ہوگا، کمیٹی کی جانب سے رپورٹ پر رائے شماری کروائے جانے کا امکان

مظفرآباد، راولاکوٹ (دھرتی نیوز) سپریم کورٹ کی ہدایات کی روشنی میں آزاد جموں وکشمیر الیکشن کمیشن نے 28 جنوری بلدیاتی الیکشن کروانے کا شیڈول جاری کیا ہے جس کے مطابق 22 اگست کاغذات نامزدگی جمع کروانے کی آخری تاریخ ہے، قانون ساز اسمبلی میں کثرت رائے (بقیہ 34 صفحہ 03 پر)

مظفرآباد، وزیراعظم سردار تنویر الیاس، چوہدری لطیف اکبر، راجہ فاروق حیدر، سردار محمد یعقوب خان، شاہ غلام قادر و دیگر چوہدری انوار الحق کی جانب سے دیئے گئے عشائیہ میں شریک ہیں۔

جادو سے ڈالر کی قیمت اوپر نیچے نہیں کرسکتا، مفتاح اسماعیل

پاکستان نے آئی ایم ایف کو لیٹر آف انٹینٹ دستخط کرکے واپس بھجوا دیا

اسلام آباد (صباح نیوز) وزیر خزانہ ڈاکٹر مفتاح اسماعیل نے کہا ہے کہ روان سال جاری کوشش ہے کہ بجٹ خسارہ 4000 روپے پر لائیں جو کہ گزشتہ برس 5200 ارب روپے تھا۔ ہم نے اپنی چادر دیکھ کر پاؤں پھیلائے ہیں، جتنے ہمارے پاس پیسے ہوں اتنے ہی ہمارے اخراجات (بقیہ 33 صفحہ 03 پر)

اسلام آباد: وفاقی وزیر خزانہ ڈاکٹر مفتاح اسماعیل بزنس لیڈر سمٹ سے خطاب کر رہے ہیں۔

رحمت اللعالمین اتھارٹی کا قیام معاشرے سے اخلاقی برائیوں کا خاتمہ ہوگا، وزیراعظم

تمام سرکاری اداروں میں تقریبات کے آغاز سے قبل تلاوت کلام پاک کے بعد درود شریف "پڑھنے کے فیصلہ پر عملدرآمد شروع ہوگیا

رحمت اللعالمین اتھارٹی کے قیام سے سیرت طیبہ کو عملی زندگی میں اپنانے کی ترغیب دی جائے گی اور اخلاقی پہلوؤں پر توجہ مرکوز کی جائیگی

مظفرآباد (پی آئی ڈی) وزیراعظم آزاد کشمیر وزیر عموم الیاس خان کی ہدایت پر آزاد جموں وکشمیر کابینہ کے "تمام سرکاری اداروں میں تقریبات کے آغاز سے قبل تلاوت کلام پاک کے بعد درود شریف" پڑھنے کے فیصلہ پر عملدرآمد شروع ہوگیا۔ تمام سرکاری تقریبات میں تلاوت کلام پاک اور نعت شریف کے ساتھ ساتھ درود شریف بھی پڑھا جارہا ہے۔ وزیراعظم کی زیر صدارت گزشتہ دنوں کابینہ نے سرکاری تقریبات اور اجلاس (بقیہ 35 صفحہ 03 پر)

مظفرآباد: وزیر منصوبہ بندی وترقیات چوہدری محمد رشید پی ایس ڈی پی کے منصوبہ جات کے حوالہ سے منعقدہ جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

فارن فنڈنگ تحقیقات کا دائرہ کار ممبر ممالک تک بڑھانے کا فیصلہ

امریکی ایف بی آئی سمیت برطانیہ کی نیشنل کرائم ایجنسی اور دیگر ممالک کے ایسے اداروں سے مدد کے لیے رجوع کیا جارہا ہے، ریکارڈ اور اکاؤنٹس اکٹھے کرکے معلومات کو یکجا کرنے کا عمل شروع کردیا گیا

عمران خان سے 1996 سے لیکر اب تک تمام ملکی وغیر ملکی ریکارڈ طلب کیا گیا ہے، عمران خان نے ایف آئی اے کے نوٹس پر جواب دینے سے انکار کردیا ہے، نوٹس واپس نہ لینے پر کارروائی کی دھمکی

اسلام آباد (صباح نیوز) وفاقی تحقیقاتی ادارے (ایف آئی اے) نے پی آئی تحریک انصاف کیس کی تحقیقات کرنے والی ایف آئی اے کی ایم نے کیس کی تحقیقات کا دائرہ بیرون ملک بڑھانے کا فیصلہ کیا ہے۔ ایف آئی اے نے امریکا اور برطانیہ سمیت دیگر ممالک سے پی ٹی آئی کو ہونے والی فنڈنگ کے بارے میں متعلقہ تحقیقاتی اداروں کے ذریعے بینکوں، مالی کمپنیز و شخصیات کے بارے میں معلومات جمع کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ ایک ذمہ دار کے مطابق سینئر آفیسر نے نام ظاہر نہ کرنے کی شرط پر بتایا کہ سپریم ایف ایف آئی سمیت برطانیہ کی نیشنل کرائم ایجنسی اور دیگر ممالک کے ایسے اداروں سے مدد کے لیے رجوع کیا جارہا ہے۔ تحقیقات ابھی ریکارڈ اور اکاؤنٹس اکٹھے کرکے معلومات کو یکجا کرنے کے مرحلے میں ہیں انہیں مکمل کرکے آگے بڑھایا جارہا ہے۔ اس سے قبل 12 اگست کو ایف آئی اے اسلام آباد زون کی انکوائری ٹیم کی جانب سے پاکستان تحریک انصاف کے چیئرمین (بقیہ 48 صفحہ 03 پر)

مظفرآباد: ڈپٹی چیئرمین چوہدری ریاض الحق کی زیر صدارت آزاد جموں وکشمیر قانون ساز اسمبلی کے اجلاس میں قائد حزب اختلاف چوہدری لطیف اکبر، سابق وزراء اعظم آزاد کشمیر راجہ محمد فاروق حیدر خان، وزراء کرام و ممبران اسمبلی اظہار خیال کر رہے ہیں۔

ملک میں کورونا کے مزید 5 مریض انتقال کرگئے 526 نئے کیسز رپورٹ

اسلام آباد (صباح نیوز) گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران ملک بھر میں کورونا کے مزید 5 مریض انتقال کرگئے جبکہ 526 نئے کیسز رپورٹ ہوئے۔ قومی ادارہ صحت (این آئی ایچ) (بقیہ 39 صفحہ 03 پر)

اقوام متحدہ کے چارٹر پر عملدرآمد کے لیے پرعزم ہیں، شہباز شریف

ترجیحی بنیادوں پر سیلاب زدگان کی فوری مدد بحالی کیلئے اقدامات ترجیح ہے

اسلام آباد (صباح نیوز) وزیراعظم شہباز شریف نے اقوام متحدہ کے چارٹر کے مقاصد اور اصولوں کے لیے پاکستان کے پختہ عزم کا اعادہ کیا ہے۔ وزیراعظم شہباز شریف نے اقوام متحدہ کے پاکستان میں ریزیڈنٹ کوآرڈینیٹر مہیش بارکس سے ملاقات کی۔ ملاقات میں پاکستان (بقیہ 38 صفحہ 03 پر)

ضابطہ اخلاق یا پالیسی کی خلاف ورزی، وزیر حکومت چوہدری مقبول گجر برطرف

چوہدری مقبول گجر کو قیادت، حکومت کی طرف سے بارہا وارننگ دی گئی اس کے باوجود وہ خلاف ضابطہ کاروائیوں سے باز نہ آئے

وزیراعظم آزاد کشمیر نے انہیں کابینہ سے سبکدوش کردیا، محکمہ سروسز اینڈ جنرل ایڈمنسٹریشن نے نوٹیفکیشن جاری کردیا

مظفرآباد (پی آئی ڈی) وزیراعظم آزاد کشمیر وزیر عموم الیاس خان نے وزیر حکومت چوہدری مقبول گجر کو وزارت کی ذمہ داریوں سے سبکدوش کر دیا۔ چوہدری مقبول گجر کو کوآف کنٹرول، پارلیمانی امور اور ڈرائیور بزنس کی مسلسل خلاف ورزی کرنے پر کابینہ سے برطرف کیا گیا۔ چوہدری مقبول گجر کو پارٹی قیادت اور حکومت کی طرف سے بار بار وارننگ دی گئی تھی اس کے باوجود وہ خلاف ضابطہ کاروائیوں سے باز نہ آئے جس پر آج انہیں کابینہ (بقیہ 40 صفحہ 03 پر)

دھیرکوٹ: قائد مسلم کانفرنس سردار شفیق احمد خان کمال تازہ میں راجہ وقاص آفتاب کی طرف سے دیئے گئے استقبالیہ میں شریک ہیں۔

آزاد کشمیر سپریم کورٹ بار کے انتخابات اکتوبر میں ہوں گے

ووٹر لسٹوں کی تیاری کا عمل شروع، فیس جمع کروانے کا شیڈول جاری

مظفرآباد (صباح نیوز) آزاد جموں وکشمیر سپریم کورٹ بار ایسوسی ایشن کے ماہ اکتوبر میں ہونے والے انتخابات کے لیے ووٹر لسٹوں کی تیاری کا عمل شروع ہوچکا ہے۔ پاکستان بار کونسل کے رولز کے مطابق ووٹر لسٹوں کی تیاری کا عمل شروع ہونے سے 32 دن قبل فیس جمع کروانے (بقیہ 32 صفحہ 03 پر)

چوہدری یٹلین کی مشیر امور کشمیر قمر زمان کائرہ سے ملاقات، پروپیگنڈہ امور پر گفتگو

آزاد حکومت کے چند وزراء بے بنیاد پروپیگنڈہ کرکے لوگوں کی توجہ ہٹانے کے لیے وفاق کے ساتھ ٹکراؤ کا ماحول پیدا کرنا چاہتے ہیں

توشہ خانے سے فارن فنڈنگ تک، اداروں کے خلاف مہم چلانے والے کس طرح اس ملک سے مخلص ہوسکتے ہیں، صدر پیپلز پارٹی

اسلام آباد (دھرتی نیوز) صدر پاکستان پیپلز پارٹی آزاد کشمیر و امیر آزاد جموں وکشمیر قانون ساز اسمبلی چوہدری محمد یٹلین نے کہا ہے کہ مشیر امور کشمیر قمر الزمان کائرہ کی کاوشوں سے آزاد کشمیر کے چند وزراء بے بنیاد پروپیگنڈہ کرکے لوگوں کی توجہ ہٹانے کے لیے وفاق کے ساتھ ٹکراؤ کا ماحول پیدا کرنا چاہتے ہیں۔ توشہ خانے سے فارن فنڈنگ تک، اداروں کے خلاف مہم چلانے والے کس طرح اس ملک سے مخلص ہوسکتے ہیں، صدر پیپلز پارٹی کارکن تحریک آزادی کشمیر سے محروم، انٹیلی رکھتے ہیں اور مہاجرین جموں وکشمیر کے مسائل حل کرنے کے لیے مالیاتی ڈھانچہ کے باوجود مہاجرین کی مالی مشکلات دور کرنے اور گزارہ الاؤنس میں اضافہ کرنے میں کلیدی کردار ادا کیا، پاکستان کا اتحاد ہی کشمیریوں کے لیے سب سے بڑا سہارا ہے، اسلام آباد میں پاکستان پیپلز پارٹی آزاد کشمیر و امیر آزاد جموں وکشمیر قانون ساز اسمبلی چوہدری محمد یٹلین نے کہا ہے کہ مشیر امور کشمیر قمر الزمان کائرہ سے ملاقات کر رہے ہیں۔

وزیراعظم کے لیفٹیننٹ جنرل سرفراز علی شہید کے گھر آمد، فاتحہ خوانی

جنگ ہو یا قدرتی آفت، پاک فوج قوم کی محافظ بن کر اتری، شہباز شریف

اسلام آباد (صباح نیوز) وزیراعظم کے لیفٹیننٹ جنرل سرفراز علی شہید کے گھر آمد، فاتحہ خوانی کی۔ شہباز شریف نے کہا کہ پاک فوج کے افسران و جوانوں نے اس وطن کی حفاظت (بقیہ 31 صفحہ 03 پر)

بیرون ملک نئے سفیروں کی تعیناتی کی منظوری دے دی گئی

فیصل نیاز یواے ای، رضا بشیر جاپان اور عاصم افتخار احمد فرانس

عائشہ فاروق آرلینڈ، جنید یوسف ترکی میں پاکستان کے سفیر ہونگے

اسلام آباد (صباح نیوز) وزیراعظم شہباز شریف نے بیرون ملک نئے سفیروں کی تعیناتی کی منظوری دے دی۔ سے سفارشات پر (بقیہ 30 صفحہ 03 پر)

مظفرآباد: ڈپٹی انسپکٹر جنرل پولیس مظفرآباد ریجن عابد حسین قریشی، ڈی سی اور پی ایس پی صدیق کور، ایس ایس پی کے ہمراہ سیاحتی مقامات کے موقع پر ٹریفک انتظامات کا جائزہ لے رہے ہیں۔

پاکستان نے معاشی اور سماجی ترقی میں شاندار کامیابی حاصل کی ہے، پیٹن

مانسہرہ (صباح نیوز) ڈی صدر اداری ہیر پیٹن نے کہا ہے کہ پاکستان نے (بقیہ 42 صفحہ 03 پر)

پاک فوج کے خلاف مہم پی ٹی آئی، بھارت کا مشترکہ پروجیکٹ تھا

تفتیش آخری مرحلے میں پہنچ گئی، نتائج جلد سامنے آئیں گے، وزیر دفاع

اسلام آباد (صباح نیوز) وزیر دفاع خواجہ محمد آصف نے کہا ہے کہ اسٹیبلشمنٹ کا بار بار حوالے کے بعد پاک فوج کے خلاف مہم چلا پاکستان تحریک انصاف اور بھارت کے مشترکہ پروجیکٹ تھا اور اسے شیدا بھی بلکہ پروجیکٹ اہم میں ملوث افراد کیخلاف تحریک میں تفتیش آخری (بقیہ 41 صفحہ 03 پر)

شہباز گل کے دوبارہ جسمانی ریمانڈ کا فیصلہ اسلام آباد ہائیکورٹ میں چیلنج

اسلام آباد (صباح نیوز) پی ٹی آئی شہباز گل کے دوبارہ جسمانی (بقیہ 43 صفحہ 03 پر)

عمران خان حکومت نے جو قرض لئے اس کا حساب دیں

، انصاف کا یہ تقاضا ہے کہ جھوٹے کیس ختم ہوں، شاہد خاقان عباسی

کراچی (صباح نیوز) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے سینئر نائب صدر اور سابق وزیراعظم شاہد خاقان عباسی نے کہا ہے کہ میاں صاحب ملک کی غرض سے کے لئے مطالبہ کرتا ہے کہ اوپن کیا ہے کہ میاں صاحب ملک کی غرض سے کام نہیں کیا۔ وفاقی (بقیہ 44 صفحہ 03 پر)

تحریک آزادی کشمیر کیلئے بین کیمپ اسلام آباد فیصلہ کن کردار ادا کرنا ہے، ڈاکٹر خالد

عالمی برادری اپنے عہد کے مطابق کشمیریوں کو ان کا بنیادی اور پیدائشی حق حق خودارادیت دلوانے کے لیے مداخلت کرے

ہندوستان کشمیر میں قابض فوج کے ساتھ قاتل گینگ تشکیل دے کر کشمیریوں کی نسل کشی کر رہا ہے، امیر جماعت اسلامی

راولاکوٹ (پ ر) جماعت اسلامی آزاد جموں وکشمیر کے امیر ڈاکٹر خالد محمود خان نے کہا ہے کہ ہندوستان کشمیر میں قابض فوج کے ساتھ قاتل گینگ تشکیل دے کر کشمیریوں کی نسل کشی کر رہا ہے، گزشتہ روز ہندوؤں کو آباد کرنے کے بعد ان کے دفاع کے لیے قاتل گینگ تشکیل دے (بقیہ 46 صفحہ 03 پر)

ڈاکٹر شہباز گل کے جسمانی ریمانڈ کی نظرثانی اپیل منظور

48 گھنٹے کیلئے پولیس کے حوالے، پولیس کو تفتیش مکمل کرنیکی مہلت

اسلام آباد (صباح نیوز) انسپکٹر جنرل اسلام آباد زیاد چوہدری نے پاکستان تحریک انصاف کے رہنما ڈاکٹر شہباز گل کو دوبارہ جسمانی ریمانڈ پر پولیس کے حوالہ کرنے کا حکم دیا (بقیہ 45 صفحہ 03 پر)

سابق وزیر صحت وانسداد ڈاکٹر یحییٰ بلخی نے مسلم لیگ ن کے سردار تصدیق تنویر الحق سردار ممتاز ملاقات کر رہے ہیں۔

چناری، آسمانی بجلی گرنے سے محنت کش کے 6 جانور ہلاک

لاکھوں روپے مالیات کی پانچ گائے اور ایک بیل ہلاک ہوئے

چناری (صمیمی رپورٹر) چناری کے نواحی گاؤں ارہ سے ہفتہ نیک سری پولی پر آسمانی بجلی گرنے کے باعث غریب شخص کے لاکھوں روپے مالیت کے چھ جانور ہلاک ہو گئے انسانی جانیں محفوظ طور پر بچ گئیں۔ تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز آزاد کشمیر ضلع کلدم و پلی کی یونین کونسل چلیانہ کے گاؤں ارہ سے ہفتہ نیک سری چوکی میں شدید بارش کے دوران ایک درخت پر آسمانی بجلی گر (بقیہ 29 صفحہ 03 پر)

کراچی: ہیلتھ پارٹی کے رہنما سردار نذر آکسک کا کائنات کو گزر زندہ آتا سراج درانی سے ملاقات کے بعد فوٹو

یو اے ای جنرل قمر جاوید باجوہ کو "آرڈر آف دی یونین" کے اعزاز سے نوازا گیا

اماراتی صدر شیخ محمد بن زاید النہیان نے صدارتی محل قصر الجر مجلس میں آرمی چیف جنرل قمر جاوید باجوہ کا استقبال کیا

دونوں ممالک کے درمیان دوطرفہ تعلقات کے فروغ میں اہم کردار ادا کرنے پر دوسرے سب سے بڑے اعزاز سے نوازا گیا

راولپنڈی (صباح نیوز) متحدہ عرب امارات کے آرمی چیف جنرل قمر جاوید باجوہ کو آرڈر آف دی یونین کے اعزاز سے نوازا گیا۔ ڈی جی آئی ایس پی آر میجر جنرل بابر افتخار کی جانب سے جاری بیان کے مطابق آرمی چیف جنرل قمر جاوید باجوہ نے متحدہ عرب امارات کے سرکاری دورے میں صدر شیخ محمد بن زید النہیان سے ملاقات کی، اماراتی صدر شیخ محمد بن زاید النہیان نے صدارتی محل قصر الجر مجلس میں پاکستان کے آرمی چیف جنرل (بقیہ 47 صفحہ 03 پر)

ہم
سردار عامر جمیل کو چیئرمین پرل ڈیولپمنٹ اتھارٹی راولاکوٹ تعینات ہونے پر مبارکباد پیش کرتے ہیں جبکہ اس انتخاب پر وزیراعظم آزاد جموں کشمیر سردار تنویر الیاس خان کا تہہ دل سے شکریہ ادا کرتے ہیں۔
وزیراعظم سردار تنویر الیاس خان نے تحریک انصاف کے نظریاتی اور مخلص نوجوان رہنما کو اہم ذمہ داری دیکر پونچھ کے سیاسی کارکنان کے دل جیت لیے ہیں۔
منجانب
سردار افنان نواز سینئر رہنما پی ٹی آئی پونچھ آزاد کشمیر
سردار شاہ اعظم سینئر رہنما پی ٹی آئی پونچھ آزاد کشمیر

Editorial

ایڈیٹوریل

آزادی کا جشن منائیں مگر۔۔۔؟

گزشتہ ہفتے پاکستان اور ہندوستان نیابی اپنی آزادی کا جشن بنایا ہے۔ یہ جشن گزشتہ پچھتر برسوں سے ہمارا ماتھا سجدے سے بنایا جاتا ہے۔ وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ جوش وخروش میں کمی کے بجائے اضافہ ہو رہا ہے۔ زیادہ تر تقریبات سرکاری سرپرستی میں ہوتی ہیں، اور شہری حلقوں تک محدود ہوتی ہے۔ گاہے بگاہے سرکاری تقریبات بھی ہوتی ہیں، جن میں زیادہ کاروباری اور تجارت پیشہ لوگ ہوتے ہیں۔ ہر دفعہ دیگر تقریبات کی طرح اس تقریبات کو اپنی تجارتی مگر نمبوں کے فروغ کے لیے ایک اچھا موقع تصور کرتے ہیں۔ اس طرح کچھ دوسرے لوگ اور گروپ بھی اس تقریبات میں متحرک ہوتے ہیں، جو ان تقریبات کو سنٹل مٹ ورنگ، اپنے کسی فن کے اظہار، شاعری اور ادب اور فنون لطیفہ کے فروغ اور دیگر مقاصد کے لیے استعمال کرتے ہیں۔ پاکستان اور ہندوستان کے عام لوگوں کی بہت بڑی اکثریت شہروں سے باہر دور دراز کے دیہاتوں اور قصبوں میں رہتی ہے، جن کو ان حلقوں کے عوام کہا جاتا ہے۔ ان پسماندہ اور پچھڑے ہوئے دیہی علاقوں میں رہنے والے لوگوں کی ایک بڑی تعداد خوراک کی کمیر کے سے زندگی گزارتی ہے۔ ان علاقوں میں آبادی کی ایک بہت بڑی تعداد پینے کے صاف پانی اور صحت کی بنیادی سہولیات سے محروم ہے۔ صحت وتعلیم کی جن سہولیات کو اب دنیا کے شہریوں کے بنیادی انسانی حقوق تصور کیا جاتا ہے، وہ ان لوگوں کو میسر نہیں۔ ان علاقوں میں امداد وبھوک کے بڑھتے ہوئے زندگی میں شرح خواندگی بھی بہت کم ہے۔ کیونکہ بنیادی تعلیم کی جن سہولیات کو اب دنیا کے شہریوں کے بنیادی انسانی حقوق تصور کیا جاتا ہے، وہ ان لوگوں کو میسر نہیں۔ پاکستان اور ہندوستان کے عام لوگوں کی بہت بڑی اکثریت شہروں سے باہر دور دراز کے دیہاتوں اور قصبوں میں رہتی ہے، جن کو ان حلقوں کے عوام کہا جاتا ہے۔ ان پسماندہ اور پچھڑے ہوئے دیہی علاقوں میں رہنے والے لوگوں کی ایک بڑی تعداد خوراک کی کمیر کے سے زندگی گزارتی ہے۔ ان علاقوں میں آبادی کی ایک بہت بڑی تعداد پینے کے صاف پانی اور صحت کی بنیادی سہولیات سے محروم ہے۔ صحت وت

بقیہ 1

خواجہ خان محمد، صدر مسعود راٹھور، ایم پی اسٹیشنل فیصل اشفاق گیلانی، ڈی ایس پی، اسسٹنٹ کمشنر خورشید آباد سید طارق عباس، صدر بلدیہ بنیر، ڈاکٹر ارشد نے شرکت کی۔ اس موقع پر مقررین نے کہا کہ ہم ماں باپ کی خدمت کو سعادت سمجھتے ہیں۔ ہمارے ہاں بوڑھے ماں باپ کو بوجھ سمجھا جاتا ہے۔ ماں باپ کی خدمت کا صلہ جنت ہے

روزنامہ کشمیر دھرتی راولاکوٹ
شہر.....شہر.....قریہ.....قریہ.....کی خبریں

نیلم ویلی۔ شیٹ ایڈاسٹریٹ مجسٹریٹ اقترنی کے افسران، نتی گلی نالہ میں گلاڈ ویریٹ کے باعث طغیانی سے ہونے والے نقصان کا جائزہ لے رہے ہیں۔

کوٹلی۔ سابق ڈپٹی کمشنر اجمد علی مغل کے اعزاز میں منعقدہ الوداعی تقریب سے ڈی سی ساجد اسلم، ودیگر مقررین خطاب کر رہے ہیں۔

حویلی میں آرمی کی گاڑی اور موٹر سائیکل کے درمیان ٹکر سے جاں بحق نوجوان سپرد خاک

پاک فوج ہماری بہترین فوج، فرد واحد کے فعل کو اجتماعی فعل قرار نہیں دیا جاسکتا، حادثہ کا مرکزی کردار پابند سلاسل ہے

ہمارا کسی سے کوئی تنازعہ نہیں ہے، امید ہے انتظامیہ تحت ضابطہ کارروائی کر کے ورثاء کو انصاف فراہم کرے گی، مقررین کا خطاب

حویلی کہوٹہ (نمائندہ دھرتی) محکمہ امور نوجوانان کے ملازم راحت پذیر قریشی اہوں سکیوں میں پیرہ خاک ہر آنکھ اشکبار، دور دل فرزند و گاؤں خوشحال گری فضاء سوگوار نماز جنازہ میں ہزاروں افراد کی شرکت کی آنکھ ایسی دردمی جو اشکبار ہو جسے سکھ را چیرہ ایک عرصہ میں سنوں سمی تلی جو ہے جا سوا۔ آبائی قبرستان میں پیرہ خاک نماز جنازہ میں سیاسی، سماجی اور صحافی کمیونٹی سمیت اہل علاقہ کی کثیر تعداد شریک ہوئی

کرنٹ بند موٹر سائیکل اور آرمی کی گاڑی کے درمیان ٹکر سے جاں بحق ہونے والے نوجوان کی میت کو قریشی آہوں سسکیوں میں پیرہ خاک کر دیا گیا۔۔۔ نماز جنازہ میں میئر کشمیر کونسل (بقیہ 01 صفحہ 03 پر)

کوٹلی۔ سابق ڈپٹی کمشنر اجمد علی مغل کی الوداعی تقریب کے موقع پر انہیں ہار پہنائے جا رہے ہیں۔

ذیشان بشارت PSF آزاد کشمیر کے مرکزی وائس چیئرمین نامزد

مرکزی سیکرٹری جنرل پی ایس ایف کی جانب سے باضابطہ نوٹیفکیشن بھی جاری

راولاکوٹ (دھرتی نیوز) سردار ذیشان بشارت پی ایس ایف آزاد کشمیر کے مرکزی وائس چیئرمین نامزد اس ضمن میں مرکزی سیکرٹری جنرل پی ایس ایف اسد نقوی نے نوٹیفکیشن جاری کر دیا۔ ذیشان بشارت کا تعلق علی سوئل سے ہے (بقیہ 14 صفحہ 03 پر)

تھوراڑ، انتہاء پسندی اور جنوبی ایشیاء کے مستقبل پر کانفرنس

قوم کو کنفیوز کرنے کیلئے نئے نئے نعرے تخلیق کیے گئے، شوکت کشمیری کی مذمت

تھوراڑ (نمائندہ خصوصی) احمد شہید پیپلز پارٹی لیڈر کے زیر اہتمام پارٹی کے چوتھے کنونشن کے موقع پر انتہاء پسندی، دہشتگردی، عدم رواداری اور جنوبی ایشیاء کے مستقبل پر ایک کانفرنس کا انعقاد کیا گیا۔ کانفرنس میں وقار رزاق۔ عباس بٹ، رؤف انصاری، غلام حسین واجد قریشی، شوکت (بقیہ 13 صفحہ 03 پر)

بلدیاتی انتخابات کا التواء قابل قبول نہیں ہے، سردار نعیم ضیاء

عوام نے اعتماد کیا تو ان کی توقعات پر پورا اترنے کی بھی بھرپور کوشش کروں گا

تھیر (نمائندہ خصوصی) لاہور تھیر نوجوان تھیر کے صدر سردار نعیم ضیاء نے یونین کونسل پھگوئی تھیر و دوسرے احباب اور پارٹی قائدین سے ملاقات کی۔ جلد بلدیاتی انتخاب میں حصہ لینے کا باضابطہ اعلان کر دیا ہے اور کہا کہ بلدیاتی انتخابات کا التوا کسی صورت قابل قبول نہیں ہے بھرپور (بقیہ 12 صفحہ 03 پر)

چنار پارٹسٹیشن کٹھلی کی مشینری بند کارڈ ور چینل لیک پائپ لائن بھی ناکارہ ہونے لگی

ایک نان ٹیکنیکل ایس ڈی او گذشتہ 15 سالوں سے تعینات، تبادلہ نہ ہونا کئی شکوک وشبہات کو جنم دے رہا ہے

آزاد کشمیر سروس روٹز کے مفائر زائد از عرصہ قیام غیر قانونی ذمہ دار کون؟ متعلقہ حکام سے فوری طور پر نوٹس لینے کا مطالبہ

چنار کی (خصوصی رپورٹ) چنار پن بجلی کو ٹمس کٹھلی کے ایس ڈی او اور گرڈ اسٹیشن کی بلڈنگ سیالی کرنے والا پاور ہاؤس کھٹلی کے ایک نان ٹیکنیکل ایس ڈی او گذشتہ 15 سالوں سے تعینات ہے آج تک تبادلہ نہ ہونا کئی شکوک وشبہات کو جنم دے رہا ہے ایک ہی جگہ پر لیک پائپ لائن زمین میں ہو کر ناکارہ ہونے کی تحقیقات کا مطالبہ کیا گیا ہے۔ ایس ڈی او کٹھلی کے ایم ڈی اور گرڈ اسٹیشن کٹھلی کے ایس ڈی او کے خلاف محکمہ کے افسران کی بلڈنگ کا زائد از عرصہ قیام غیر قانونی ذمہ داروں کون؟ ساتھ ہی محکمہ امور ہائیڈرو پاور کے ایم ڈی اور ڈپٹی کمشنر کوٹلی کے افسران کی بلڈنگ کا زائد از عرصہ قیام غیر قانونی ذمہ داروں کون؟ ساتھ ہی محکمہ امور ہائیڈرو پاور کے ایم ڈی اور ڈپٹی کمشنر کوٹلی کے افسران کی بلڈنگ کا زائد از عرصہ قیام غیر قانونی ذمہ داروں کون؟ متعلقہ حکام سے فوری طور پر نوٹس لینے کا مطالبہ کیا گیا (بقیہ 15 صفحہ 03 پر)

کوٹلی۔ الوداعی تقریب کے موقع پر سابق ڈپٹی کمشنر اجمد علی مغل اور دیگر شرکا کا گروپ فوٹو۔

آزادی پسند کشمیری خاندان کا گھر ضبط اور 4 افراد بھی گرفتار

بھارتی فوج نے ضلع شوپیاں میں ایک گھر کو بارودی مواد سے تباہ کر دیا ہے

سری نگر (کے پی آئی) بھارتی فوج نے جموں کشمیر میں آزادی پسند کشمیری خاندان کا گھر کو ضبط اور 4 افراد کو گرفتار کر لیا ہے۔ بھارتی اخبار کے مطابق ضلع شوپیاں میں عادل وانی نامی نوجوان کے والد اور تین بھائیوں کو گرفتار کر لیا ہے جنہیں اس کے گھر کو غیر قانونی سرگرمیوں کی روک (بقیہ 02 صفحہ 03 پر)

بیاں بالا: مسلم کانفرنس کے سابق امیدوار اسمٰعیل سردار ندیم طارق کی سیراب قدیر بیماری کی رہائش پر استقبالیہ میں شریک ہیں۔

پروفیسر آصف مجید کی ہمشیرہ انتقال کر گئیں

راولاکوٹ (دھرتی نیوز) راولاکوٹ کے نواحی علاقہ بھاگہ سے تعلق رکھنے والے پروفیسر آصف مجید کی ہمشیرہ انتقال کر گئیں (بقیہ 03 صفحہ 03 پر)

کانچری پتن شیر خان کے وفد کی ڈاکٹر نجیب نقی سے ملاقات

بلدیاتی انتخابات سمیت حلقہ میں مختلف سیاسی مسائل پر تفصیلی تبادلہ خیال

اسلام آباد (خصوصی رپورٹ) مسلم لیگ ن یونین کونسل پھگوئی کانچری پتن شیر خان کے نمائندہ وفد کی سابق وزیر صحت وخزانہ ڈاکٹر نجیب نقی سے تفصیلی ملاقات کی دوران مختلف سیاسی ایشوز اور بلدیاتی انتخابات کے حوالہ سے تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ڈاکٹر نجیب نقی نے سردار تصدق کی قیادت میں ملنے والے وفد کی بھرپور حوصلہ افزائی کی اور کہا کہ حلقہ سدھنوتی میں پارٹی کارکنان اور عہدیداران (بقیہ 11 صفحہ 03 پر)

باغ، سالانہ عرس کی تقریبات 21 اگست کو ہوں گی

باغ (اسٹرک رپورٹر) آزاد کشمیر کی ممتاز روحانی علمی دینی سیاسی عوامی شخصیت عظیم حریت پسند محمد صادق حسین عادل سیاوی، پیر سید عدالت گیلانی، پیر سید محمد گیلانی کا سالانہ عرس مبارک مورخہ 21 اگست بروز (بقیہ 16 صفحہ 03 پر)

چناری، شادی شدہ خاتون کی گمشدگی کا معمہ حل نہ ہو سکا

لواحقین کا خاتون کے سسرالیوں پر شک، حکام سے تحقیقات کا بھی مطالبہ

چناری (خصوصی رپورٹ) چناری کے نواحی گاؤں کھل جبرا کی رہائشی شادی شدہ خاتون کی گمشدگی معمہ بن گئی پولیس تھانہ چناری میں گمشدگی کی دو الگ الگ رپورٹس درج 24 جولائی سے چناری سے لاپتہ ہونے والی شادی شدہ خاتون رضوانہ بی بی کے والدین نے بیٹی کے کھل کا دعوی کرتے ہوئے کہا ہے کہ ہماری بیٹی کو اپنے سسرالیوں کے چھوٹی بھرا تو بیٹی دیا ہے جو اس کی جان کے درپے ہیں ہم نے شناخت کر لی ہے پولیس ہماری بیٹی کی انہوں نے کہا کہ ملزم کھل اور انکے والد پی بی (بقیہ 17 صفحہ 03 پر)

باغ، ڈاکٹر ریاض کا امتیاز زمان کے انتقال پر افسوس

باغ (اسٹرک رپورٹر) لاہور نے ریٹائرڈ UK کی جینئر سرجن ڈاکٹر ریاض خان نے کہا ہے کہ باغ کے معروف چاچر سردار امتیاز زمان کی وفات سے باغ کے عوام اور چاچر ایک عظیم انسان (بقیہ 18 صفحہ 03 پر)

باغ، ڈاکٹر یکٹرز ایسوسی ایشن کا مطالبات پورے کرنے پر زور

چھ ماہ سے ادائیگی نہیں کی گئی، کوئی ٹینڈر نہیں ہونے دیں گے، آفتاب خان

باغ (اسٹرک رپورٹر) لائے ریکٹس جاری نہ ہونے سے عصمہ جا بات پر کام بند کنٹریکٹرز ایسوسی ایشن نے ٹینڈرز کے بائیکاٹ کا بھی اعلان کر دیا چھ ماہ گزر گئے کی ادائیگی کو کل ہوا نہیں کیا گیا مطالبات پورے نہ ہونے تو کوئی نیا ٹینڈر نہیں ہونے دیں گے صدر کنٹریکٹرز ایسوسی ایشن ضلع باغ سردار آفتاب خان کا نے ٹینڈرز کے بائیکاٹ کے مطابق کنٹریکٹرز ایسوسی ایشن نے حکومت سے (بقیہ 19 صفحہ 03 پر)

محکمہ مذہبی امور کے تحصیل، ضلع، مرکزی مقابلہ جات کا اعلان

مختلف اضلاع کے شیڈول جاری، تحصیل سطح کا اعلا بھی جلد کیا جائے گا

مظفرآباد (صباح نیوز) محکمہ مذہبی امور آزاد حکومت ریاست جموں وکشمیر اسلامی جمہوریہ پاکستان کے یوم آزادی کی 75 ویں سالگرہ 14 اگست جولائی کے موقع پر تحصیل، ضلع، مرکزی مقابلہ جات منعقد کرانے (بقیہ 10 صفحہ 03 پر)

حسن قرات، نعت خوانی، اذان اور تقریر منعقد کرا رہا ہے، جس میں پہلے مرحلہ پر تحصیل سطح پر جملہ مدارس، سکولز، کالجوز اور یونیورسٹیز کے طلباء مقابلہ جات میں مقابلہ جات منعقد کرائے جائیں گے اور تحصیل سطح پر مقابلہ جات میں جان بچنے والے طلباء کو ضلع سطح پر مقابلہ جات منعقد کرانے کے لیے آمادگی کا اظہار کیا گیا ہے۔

سینئر ورکر محمد عارف کی میت آبائی قبرستان میں سپرد خاک

نماز جنازہ میں سینکڑوں زعماء کی شرکت، مرحوم کی بخشش کے لئے دعائیں

راولاکوٹ (دھرتی نیوز) میونسپل کارپوریشن کے سینئر ورکر محمد عارف موٹر سائیکل حادثہ میں جان بحق ہو گئے۔ حادثہ پونچھ آب چوہڈ کے قریب پیش آیا مرحوم کو حادثے کے بعد سی ایم ایچ راولاکوٹ لے جایا گیا لیکن ہسپتال پہنچنے سے قبل ہی جان کی بازی ہار گئے۔ مرحوم کی نماز جنازہ چھاؤ گلہ کے مقام پر ادا کی۔ نماز جنازہ میں بلدیاتی آفیسران ملازمین، سمیت مختلف سیاسی وسماجی تنظیموں (بقیہ 09 صفحہ 03 پر)

تنویر الطاف کا منگ سے بلدیاتی انتخابات میں حصہ لینے کا اعلان

اسلام آباد (انکشاف رپورٹر) مسلم لیگ ن کے برادر سردار تنویر الطاف نے ایڈووکیٹ نے بلدیاتی انتخابات میں یونین کونسل منگ سے بھرپور حصہ لینے کا اعلان کر دیا اور کہا کہ یونین کونسل منگ (بقیہ 05 صفحہ 03 پر)

کوٹلی، سابق ڈپٹی کمشنر اجمد علی مغل کے اعزاز میں الوداعی تقریب

عوام علاقہ کوٹلی کے لئے ان کی بھرپور اور لازوال خدمات پر خراج تحسین پیش

کوٹلی (پی آئی اے) سابق ڈپٹی کمشنر کوٹلی اجمد علی مغل کے اعزاز میں تحصیل ہال کوٹلی کی جانب سے عشائی مادری میں شاندار الوداعی تقریب کا اہتمام کیا گیا جس میں نے ڈپٹی کمشنر چوہدری ساجد اعظم، بلدیہ کی ریاض مغل، سلیم مین کے ڈی اے چوہدری محمد نجیب، صدر بار، رفیع مسعود، صدر انجمن تاجران کلب محمد جانب، ایس ایچ او تھانہ نور محل، ایس ایچ او، ایس ایچ او تھانہ، ایس ایچ او ڈاکٹر انتظمت شاہ، (بقیہ 04 صفحہ 03 پر)

کوٹلی۔ خواتین کی جانب سے مختلف ہنڈیکرافٹ اشیاء کے سٹال کا جائزہ لیا جا رہا ہے۔

جموں میں مسلمان خاندان کے چھے افراد پراسرار طور پر مردہ

قوی کے علاقے میں پراسرار طور پر مرنے والوں میں چار خواتین بھی شامل ہیں

جموں (کے پی آئی) جموں میں ایک مسلمان خاندان کی چار خواتین سمیت چھے افراد پراسرار طور پر مردہ پائے گئے ہیں۔ جموں کے قوی سدرا علاقے میں ایک گھر سے دو لاشیں ملی ہیں جب کہ دوسرے گھر سے چار لاشیں ملی ہیں۔ ان کی شناخت کیدر کمہان کی دو بیٹیاں نسیم اختر اور بدیہ بانو، بیٹا غلام محمد اور دو رشتہ دار نور الحبیب اور سکینا محمد کے نام سے ہوئی ہے۔ پولیس نے لاشوں کو گورنمنٹ (بقیہ 20 صفحہ 03 پر)

باغ میں لچھی سکن وائرس بے قابو ہونے پر شدید تشویش کا اظہار

محکمہ امور حیوانات پر بھی کڑی تنقید، متعلقہ حکام سے فوری نوٹس لینے کا مطالبہ

باغ (اسٹرک رپورٹر) باغ میں لچھی سکن وائرس نے تباہی مچا دی۔ محکمہ امور حیوانات کے آفیسران ملازمین کی نااہلی کے باعث مویشیوں کے لاکھوں روپے مالیت کے جانور مر رہے ہیں لیکن محکمہ امور حیوانات کے آفیسرز، ڈاکٹرز اور دیگر محکمہ کا عملہ کانوں کو جانوروں کو دوا دینے کے فرائض کرنے اور دی ان کو ویکسی کرنے میں محکمہ امور حیوانات کے ڈاکٹرز نے سرکاری مختوانیں لینے میں (بقیہ 21 صفحہ 03 پر)

راولاکوٹ: سردار اصغر شاہین ودیگر کانفرنس ہیئرمین پی ڈی اے عامر نمبیل کے ہمراہ ملاقات کے موقع پر فوٹو۔

مبوش چغتائی کا بلدیاتی انتخابات کا انعقاد بہر صورت یقینی بنانے کا مطالبہ

باغ (اسٹرک رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی آزاد کشمیر شعبہ خواتین کی مرکزی نائب صدر مبوش چغتائی ایڈووکیٹ نے کہا کہ حکومت بلدیاتی انتخابات کے انعقاد سے خائف (بقیہ 08 صفحہ 03 پر)

ریڈ فاؤنڈیشن سکول کھڑک (پرمی) میں جشن آزادی پاکستان تقریب طلباء کے رنگا رنگ پروگرامات

ادارہ کے طلبہ وطالبات کی جانب سے مختلف تقاریر، ٹیبلوز، شاعر مشرق ڈاکٹر علامہ اقبال کی شاعری، مارشل آرٹ، جمناسٹک اور دیگر پروگرامات پیش کیئے گئے

علامہ اقبال نے برصغیر کے مسلمانوں کو خواب غفلت سے جگایا، مسلمانوں کے ایک الگ قومی تشخص کو واضح کیا، مہمان خصوصی زاہد رفیق ایڈووکیٹ کا خطاب

راولاکوٹ (دھرتی نیوز) ریڈ فاؤنڈیشن سکول کھڑک (پرمی) میں جشن آزادی پاکستان کے سلسلہ میں ایک پروقار تقریب منعقد کی گئی۔ جس میں ادارہ کے طلبہ وطالبات نے حلاوت، نعت، ترانہ، تقاریر، ٹیبلوز، علامہ اقبال کی شاعری، مارشل آرٹ، جمناسٹک اور دیگر پروگرامات پیش کیے۔ تقریب میں والدین اور طلبہ وطالبات کی ایک کثیر تعداد نے شرکت کی۔ تقریب کا آغاز حلاوت کلام پاک سے ہوا۔ اس کے بعد پاکستان اور آزاد کشمیر کے قومی ترانے پیش کیے گئے۔ تقریب میں مہمانان نے پاکستان کی 75 ویں سالگرہ و انڈیپنڈنس ڈے کا کیک بھی کاٹا۔ تقریب کے مہمان خصوصی امیر جماعت اسلامی ضلع پونچھ زاہد رفیق ایڈووکیٹ تھے جبکہ پہلی سیشن کے صدر تقریب اسسٹنٹ کمشنر پونچھ راجہ صداقت خان اور دوسرے سیشن کے صدر تقریب ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر آفیسر اشتیاق جوئیا تھے۔ تقریب (بقیہ 07 صفحہ 03 پر)

باغ، سائیں شیر اسرکار کی رسم چہلم، دعائیہ تقریب کا اہتمام

مرحوم کی انسانیت کے لئے خدمات پر بھی بھرپور الفاظ میں خراج عقیدت پیش

باغ (اسٹرک رپورٹر) معروف روحانی پیشوا صوفی سجاد الحسین دربار سائیں شیر اسرکار کا چہلم ان کے مزار پر گراں طلعت میں بھرپور طریقہ سے منایا گیا روح پرور دعائیہ محفل کی صدارت ممتاز عالم دین پیر حسن علاء مشائخ حضرت کونسل مولانا تنویر احمد حقانی نے کی مہمان قلندر سائیں شیر اسرکار کا چہلم ان کے مزار پر گراں طلعت میں پیر سید امتیاز حسین گیلانی نے پاکستان اور بیرون ممالک سے بہت (بقیہ 23 صفحہ 03 پر)

ڈاکٹر ریحان ہیڈ آف ڈیپارٹمنٹ شعبہ آرتھوپیڈک ایمز تعینات

عوامی حلقوں کی جانب سے مبارباد، فرائض کی خوش اسلوبی سے ادائیگی کیلئے نیک خواہشات

مظفرآباد (دھرتی نیوز) مظفرآباد ڈاکٹر ریحان ولی سینئر میڈیکل آفیسر آرتھو یک سرجن ہیڈ آف ڈیپارٹمنٹ شعبہ آرتھو یک ایمز تعینات، ریجنل ڈائریکٹر ایمز کی طرف سے جاری ہونے والے حکم کے مطابق ڈاکٹر ریحان ولی نے ہیڈ آف ڈیپارٹمنٹ شعبہ آرتھو یک کی زمہ داریاں سنبھال لی ہیں، حلقہ عوامی حلقوں (بقیہ 22 صفحہ 03 پر)

میرپور میں چار سویلینز مضر صحت و ملاوٹ شدہ دودھ کی تلفی

میونسپل مجسٹریٹ چوہدری مختار نے متعدد گوالوں پر بھاری جرمانہ بھی عائد کر دیا

میرپور (صباح نیوز) میرپور کوٹ آزاد جموں وکشمیر کے شہر میرپور میں معلومات وملاوٹ شدہ دودھ فروخت کرنے والوں کے خلاف کارروائی کے دوران چار سو لیٹر دودھ تلف کر دیا گیا۔ میونسپل مجسٹریٹ چوہدری مختار نے متعدد گوالوں پر جرمانہ بھی عائد کر دیا۔ تفصیلات کے مطابق بلدیہ ایم ایف ایم فارمز کی جانب سے میرپور میں منڈی بہاؤالدین سے لائے جانے والے دودھ (بقیہ 25 صفحہ 03 پر)

بلدیاتی انتخابات کا انعقاد جلد کروایا جائے گا، وزیر جنگلات

حکومت تمام عوامی مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کر رہی ہے، اکمل سرگالہ

مظفرآباد (پریس ریلیز) وزیر جنگلات آزاد کشمیر چوہدری اکمل سرگالہ نے کہا ہے موجودہ حکومت نے جماعتوں کے گزارہ الاؤنس میں 1500 فی کس اضافہ کر دیا ہے آزاد کشمیر میں جلد از جلد بلدیاتی انتخابات کرانے چاہئیں گے جو کہ اقتدار نچلی سطح تک منتقل ہو سکے اور بلدیاتی (بقیہ 24 صفحہ 03 پر)

چیف ایڈیٹر وپبلشر عابد صدیق نے کو بسار پریس سے چھپوا کر یونیک روڈ راولاکوٹ سے شائع کیا۔ فون 05824-445864 ، فیکس 05824-445865 ای میل dailydharti@gmail.com